© rasailojaraid.com

## • توہینِ رسالت کی سزا

علامہ ابوالحسّان قادری کے زیرِ نظر کتابچے کا پورا عنوان ہے: ''قرآن وحدیث کی روشنی میں توہینِ رسالت کی سزا'' اور اُن کا زاویۂ نظر یہ ہے کہ وطنِ عزیز میں تحفّظ ناموسِ رسالت کے لیے مروّجہ قانون کی تنسیخ کا مطالبہ عالمِ اسلام کے خلاف دشمنانِ اسلام کی طویل المیعاد سازش کا حصّہ ہے۔ وہ عامۃ المسلمین کو مطالبہ کرنے والے ''حقوق انسانی کے نام نہاد علم برداروں کے مکروہ چہرے'' دکھانا چاہتے ہیں تاکہ وہ ان کے دامِ ہم رنگِ زمین سے بچ سکیں (صفحات ۲-۳)۔

یہ حقیقت واضح کرنے کے بعد کہ ''تعظیم رسالتؐ مدارِ ایمان ہے'' علامہ ابوالحسّان قادری نے قرآن وحدیث کی روشنی میں ثابت کیا ہے کہ توہینِ رسالتؐ کا مرتکب واجب القتل ہے، اور اس پر اجماعِ امت ہے (صفحات ۲۶-۴۵)۔ تحفّظ ناموسِ رسالتؐ کے قانون کی تنسیخ کا مطالبہ بے معنی ہے، اور یہ مطالبہ کرنے والے اُس سازش کا حصہ ہیں جو عالمِ اسلام کو دست نگر اور پریشان رکھنے کے لیے امریکہ کی قیادت میں جاری ہے، اور یہ سازش وطنِ عزیز میں انسانی حقوق کے نام پر آگے بڑھائی جا رہی ہے۔ علامہ قادری کے الفاظ میں:

> انسانی حقوق کے نام پر کام کرنے والے امریکی اور یورپی ایجنٹ جنھیں [مغربی دنیا] سے بے تحاشا روپیہ ملتا ہے، ان کے ذریعے پاکستانی ملازمین کو بڑی بھاری تنخواہیں دی جاتی ہیں۔ یہ ملازمین ان کے حسبِ منشاء پاکستان کے خلاف انسانی حقوق کی پامالی کی رپورٹیں تیار کر کے اُنھیں پہنچاتے ہیں، نیز اسلام اور پیغمبر اسلام کے خلاف بدزبانی کرنے والوں کی پشت پناہی کرتے ہیں، اُن کو مالی امداد دیتے ہیں، اظہارِ رائے کی آزادی کی آڑ میں اُن کے خلاف مقدمات کی پیروی کرتے ہیں۔ چنانچہ ایوب مسیح کا مقدمہ لڑنے کے لیے اخباری اطلاع کے مطابق اٹھارہ



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

لاکھ ڈالرامریکہ نے بھیجے تھے (صفحات ۶۵-۶۶)۔

''انسانی حقوق'' کے نام پر کام کرنے والوں کو اِس پہلو پر توجہ دینے کی ضرورت ہے کہ اُن کے بارے میں عامتہ المسلمین کا نقطۂ نظر کیا ہے۔ اگر وہ اِس طرف توجہ مبذول نہ کر سکے تو یہ ہمارے معاشرے کے لیے چنداں خوش آئند صورتِ حال نہ ہوگی۔

۷۶ صفحات پر مشتمل یہ کتابچہ'' حلقہ چشتیہ صابریہ عارفیہ، ۶۷-اوورسیز ہاؤسنگ سوسائٹی، بلاک ۷-۸، کراچی'' نے شائع کیا ہے اور قیمت درج نہیں کی، غالباً ڈاک خرچ بھجوا کر کتابچہ ناشر سے حاصل کیا جاسکتا ہے۔

## ● امریکہ میں اسلام (بزبان انگریزی)

امریکی شعبۂ اطلاعات - اسلام آباد کی جانب سے پندرہ روزہ ''خبر و نظر'' میں امریکی مسلمانوں اور ریاست ہائے متحدہ امریکہ میں اسلام کی پیش رفت کے حوالے سے خبریں اور مضامین شائع ہوتے رہتے ہیں۔ ''شعبۂ اطلاعات'' نے امریکی ذرائع ابلاغ کے ذریعے سامنے آنے والے حالیہ مضامین کا ایک انتخاب بہ زبانِ انگریزی شائع کیا ہے۔

بڑے سائز میں ۳۳ صفحات کا یہ کتابچہ ''امریکی شعبۂ اطلاعات، ۶۰ - جناح ایونیو، اسلام آباد'' سے حاصل کیا جاسکتا ہے۔

## ● مسلم-مسیحی مکالمہ (بہ زبان انگریزی)

جناب ایچ۔ ایم۔ باگل کی یہ تحریر Muslim-Christian Dialogue جنوری ۱۹۸۴ء میں ''الندوۃ العالمیہ للشباب الاسلامی'' کی جانب سے شائع کی گئی تھی۔ جناب باگل ایک باعمل مسلمان ہیں، اُنہوں نے مسلسل چار سال ''کتابِ مقدس'' کا مطالعہ کیا اور اس دوران میں مسیحی



© rasailojaraid.com